## پاراچنار میں فرقہ وارانہ تصادم میں درجنوں افراد کے جاں بحق ہونے پرالطاف حسین کا اظہارافسوس
## فقہی اختلافات کی بنیاد پرایک دوسرے کا خون بہانے کا عمل اللہ اوررسولؐ کے تعلیمات کے قطعی منافی ہے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔18نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاراچنار میں فرقہ وارانہ تصادم میں درجنوں افراد کے جاں بحق ہونے پرافسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ اللہ اوررسولؐ کی تعلیمات کے مطابق ایک مسلمان کا خون دوسرے مسلمان پرحرام ہے اورفقہی اختلافات کی بنیاد پرایک دوسرے کا خون بہانے کا عمل اللہ اوررسولؐ کے تعلیمات کے قطعی منافی ہے۔جناب الطاف حسین نے ملک بھر کے عوام خصوصاً پاراچنار کے تمام شیعہ سنی عوام سے اپیل کی کہ وہ فرقہ وارانہ فسادات کی آگ کومزید پھیلنے سے روکنے کی کوششیں کریں،ایک دوسرے کی جان ومال کا تحفظ کریں اورآپس میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقراررکھیں۔جناب الطاف حسین نے فرقہ وارانہ فسادات میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے بھی دلی تعزیت کا اظہار کیا

## بنگلہ دیش میں سمندری طوفان سے بڑے پیمانے پر ہونے والے جانی ومالی نقصان پرالطاف حسین کا اظہارافسوس

لندن۔۔۔18نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے بنگلہ دیش میں آنے والے سمندری طوفان میں ایک ہزار سے زائدافراد کے جاں بحق اور ہزاروں افراد کے بے گھر ہونے اور بڑے پیمانے پر ہونے والے جانی ومالی نقصان پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ سمندری طوفان میں ہزاروں افراد کے ہلاک وزخمی اور بے گھر ہونااورتباہی ایک بڑا سانحہ ہے جوانتہائی افسوسناک ہے اوراس سانحہ پرایم کیوایم کے کارکنان اور پاکستانی عوام بنگلہ دیش کے عوام اورمتاثرین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے سمندری طوفان میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔

## ممتاز فنکار شفیع محمد کے انتقال پرالطاف حسین کا اظہارتعزیت

لندن۔۔۔18نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ٹی وی کے ممتاز فنکار شفیع محمد کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ شفیع محمد ایک منجھے ہوئے اورسینئر فنکار تھے اوران کے انتقال سے دنیائے فن میں ایک خلاء پیدا ہوگیا ہے جسے برسوں پورا نہیں کیا جاسکے گا۔جناب الطاف حسین نے شفیع محمد مرحوم کے لواحقین سے گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شفیع محمد مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اورلواحقین کوصبر جمیل عطا کرے۔

## حق پرست عوام سلیم احمد خانزادہ کی صحت یابی کیلئے دعا کریں،الطاف حسین

لندن۔۔۔18نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم نواب شاہ زون کے انچارج انورسلیم خانزادہ کے والد سلیم احمد خانزادہ کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں،بہنوں،بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ سلیم احمد خانزادہ کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے کارکن عبدالجلیل کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔18نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 70 کے کارکن عبدالجلیل کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے سوگوار لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کا شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے کارکن عبدالجلیل انتقال کر گئے

## نواب مرزا ایڈوکیٹ، عامر معین، حق پرست ناظم عارف خان اور کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان نے گھر جا کر تعزیت کی

کراچی۔۔۔18نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کورنگی سیکٹر یونٹ 70 کے کارکن عبدالجلیل ولد عبدالوحید طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے (اناللہ واناالیہ راجعون) مرحوم کی عمر 45 سال تھی اور وہ غیر شادی شدہ تھے۔ مرحوم عرصہ دراز سے علیل تھے اور علالت کے باعث کراچی کے مقامی اسپتال میں زیر علاج تھے۔ دریں اثناء مرحوم کو کورنگی نمبر 1 کے قبرستان میں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان سپرد خاک کر دیا گیا۔علاوہ ازیں سابق حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی نواب مرزا ایڈوکیٹ، عامر معین، کورنگی ٹاؤن کے حق پرست ناظم عارف خان اور ایم کیوایم کی کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان نے مرحوم کی رہائشگاہ جا کر سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کی اور انہیں صبر کی تلقین کی۔ وہ کچھ دیر تک سوگوار لواحقین کے ہمراہ رہے اور انہوں نے مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔18نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے کارکن عبدالجلیل، ایم کیوایم کی سیکٹر کمیٹی کے رکن بدر نواز کی اہلیہ محترمہ طاہرہ پروین اور ایم کیوایم سکھر کی زونل کمیٹی کے رکن وحید احمد مغل کے بڑے بھائی غلام شبیر کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ (آمین)

## گڈاپ ٹاؤن مسلم لیگ کے سابقہ عہدیدار شیر ولی خان کی ساتھی سمیت ایم کیوایم میں شمولیت

کراچی۔۔۔18نومبر 2007ء

مسلم لیگ گڈاپ ٹاؤن کے سابق عہدیدار شیر ولی خان نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفے اور نظریئے سے متاثر ہوکر گڈاپ ٹاؤن کی مختلف برادریوں سے تعلق رکھنے والے افراد سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا۔ یہ اعلان انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ کی پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے زیر اہتمام یوسی 4 گجرو گڈاپ ٹاؤن میں منعقدہ اجلاس کے دوران کیا۔اجلاس میں اجلاس میں ایم کیوایم کی پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج سردار خان، اراکین عبدالمجید کاروانی اور حسین علی بھی موجود تھے۔قبل ازیں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سردار خان نے کہا کہ ایم کیوایم کی عوامی خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے اور چاہتی ہے کہ ملک بھر کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے جائز مسائل حل ہوں۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے دیگر مقررین نے کہا کہ ایم کیوایم بلاامتیاز رنگ ونسل خدمت کر رہی ہے اور بلاامتیاز وتفریق عوامی مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہے۔انہوں نے کہا کہ غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کا اتحاد عوام دشمن قوتوں کو پسند نہیں ہے اور وہ غریب عوام کو آپس میں لڑانے کی سازش کر رہے ہیں۔ انہوں نے اپیل کی کہ تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد اپنے اتحاد سے عوام کو آپس میں لڑانے کی سازش ناکام بنادیں۔انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کرنے افراد کا خیر مقدم کرتے ہوئے انہیں مبارکباد بھی پیش کی۔

## مسلم لیگ نواز اور ایم ایس ایف کے عہدیداران کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

لاہور۔۔۔18 رنومبر 2007ء

مسلم لیگ نواز گروپ اور مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے عہدیدار حیدر علی اور وسیم قمر نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے ۔ یہ اعلان انہوں نے اتوار کے روز ساغر روڈ صدر کینٹ لاہور میں ایک اجلاس کے دوران کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم لاہور کی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج رانا فرحت علی ایڈوکیٹ ، اراکین ملک ریاست علی ،منظور حسین فاطمی ، ملک اشرف عابد ،عزیز بھٹی ٹاؤن یونٹ کے جوائنٹ انچارج چوہدری اصغر علی اور مقامی کارکنان بھی موجود تھے ۔قبل ازیں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے رانا فرحت علی ایڈوکیٹ نے کہا کہ ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقہ کی نمائندہ جماعت ہے اور جمہوری طریقے سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ چاہتی ہے ۔انہوں نے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والے افراد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کا پیغام حق پنجاب سمیت ملک بھر میں فروغ پارہا ہے اور ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہورہے ہیں ۔ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والے افراد نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایم کیوایم کا پیغام پھیلانے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے ۔

☆☆☆☆☆